08-02-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2025ء

مضمون:	التصوف+الوسطیات	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشهادة العالمية (السنة الاولیٰ)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ------------------

نام طالبعلم: ______________________

حصہ معروضی

سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔اخلاق صوفیہ میں سب سے بہتر خلق ہے:

(الف) عبادت (ب) سخاوت (ج) علم (د) تواضع

2۔اصول باطنی ہیں:

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 5 (د) 6

3۔اس مرحلہ کے مریدوں کو مزاح سے اجتناب کرنا چاہیے:

(الف) ابتدائی (ب) درمیانی (ج) آخری (د) تینوں

4۔علم کا فہم آتا ہے:

(الف) عقل سے (ب) شہرت سے (ج) دولت سے (د) ادب سے

5۔اسلام کے تمام آداب اخذ کئے گئے ہیں:

(الف) آپ ﷺ کی ذات گرامی سے (ب) حضرت ابراہیمؑ کی ذات گرامی سے (ج) حضرت موسیٰؑ کی ذات گرامی سے (د) حضرت عیسیٰؑ کی ذات گرامی سے

6۔صوفیاء کے ہاں نماز میں حضور قلب کا سبب ہے:

(الف) عبادت (ب) وضو (ج) غسل (د) تینوں

7۔تحیۃ الوضوء کے نوافل کی تعداد ہے:

(الف) دو (ب) چار (ج) چھ (د) آٹھ

8۔منفرد کی نماز سے باجماعت نماز پڑھنا افضل ہے:

(الف) 25درجہ (ب) 27درجہ (ج) 29درجہ (د) 31درجہ

9۔صبر نصف ہے:

(الف) نماز کا (ب) عبادت کا (ج) اسلام کا (د) ایمان کا

10۔آفات کا محل ہے:

(الف) دل (ب) دماغ (ج) نفس (د) روح

ورق الٹئے

11۔اسلام میں محبت اور عدم تشدد کے مصنف ہیں:

(الف) امام نووی (ب) ابن حجر عسقلانی (ج) امام شافعی (د) ڈاکٹر طاہر القادری

12۔"الودود"کا معنی ہے:

(الف) رزق دینے والا (ب) معاف فرمانے والا (ج) محبت کرنے والا (د) بخشنے والا

13۔آپ ﷺ نے فرمایا: جو بچوں پر رحم اور بڑوں کی عزت نہ کرے وہ نہیں ہے:

(الف) مسلمان (ب) مومن (ج) جنتی (د) ہم میں سے

14۔ابو منصور ماتریدی کے نزدیک قتل کو حلال سمجھنا ہے:

(الف) کفر (ب) فسق (ج) حرام (د) مکروہ

15۔خوارج حضرت علی المرتضیٰؓ کو سمجھتے تھے:

(الف) مسلمان (ب) بدعتی (ج) منافق (د) کافر

16۔حقیقی مہاجر وہ ہے جو ہجرت کرے:

(الف) غلطیوں سے (ب) گناہوں سے (ج) دونوں سے (د) وطن سے

17۔ناحق ذمیوں کا مال لینا ہے:

(الف) حلال (ب) حرام (ج) مکروہ (د) مباح

18۔ایک دن اعتکاف کرنے پر جہنم اور اس بندے کے درمیان خندقین حائل کر دی جاتی ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

19۔آپ ﷺ نے فرمایا اسلام مکمل ہوتا ہے:

(الف) سلام کہنے سے (ب) گلے ملنے سے (ج) مصافحہ سے (د) دعا سے

20۔اگر احسن طریقہ سے دور کیا جائے تو دشمنی بدل جاتی ہے:

(الف) دوستی میں (ب) بھائی چارے میں (ج) رشتہ داری میں (د) دشمنی ہی رہتی ہے

08-02-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2025ء

مضمون:	التصوف+الوسطیات	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشہادۃ العالمیۃ (السنۃ الاولیٰ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | |

رول نمبر (لفظوں میں): ______________________

حصہ انشائیہ

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ اصول ظاہری تحریر کریں۔

2۔ عزت اور کبر میں کیا فرق ہے؟ تحریر کریں۔

3۔ ظرافت اور مزاح میں کیا فرق ہے؟ تحریر کریں۔

4۔ "مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى" ترجمہ لکھیں۔

5۔ اصحاب صفہ کی شان میں ایک آیت یا اس کا ترجمہ لکھیں۔

6۔ شیخ ابن الکرنی سے غسل سے بچنے پر اپنے نفس کو کیسے سزادی؟ تحریر کریں۔

7۔ نماز میں کتنی اور کون کون سی حالتیں ہیں؟ تحریر کریں۔

8۔ حضرت علی نے "فصل لربك وانحر" کی کیا تفسیر فرمائی؟ تحریر کریں۔

9۔ شکم سیری کی مذمت دو لائنوں میں لکھیں۔

10۔ "صائم الدھر" کی فضیلت پر ایک حدیث شریف لکھیں۔

11۔ کھانا کھانے کا ایک ادب تحریر کریں۔

12۔ "من صلی باللیل حسن وجہ بالنہار" ترجمہ لکھیں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ دین اسلام کے دین محبت ہونے کی کوئی ایک دلیل لکھیں۔

2۔ "الیوم یوم الملحمۃ" ترجمہ لکھیں۔

3۔ شفقت اور نرمی کے بارے ایک حدیث شریف تحریر کریں۔

4۔ قتل انسانیت بہت بڑا جرم ہے کوئی ایک حدیث شریف لکھیں۔

5۔ عورتوں اور بچوں کو قتل کرنا جہاد میں فساد ہے دو لائنیں لکھیں۔

6۔ خوارج کے کوئی سے دو عقائد لکھیں۔

7۔ "لَزَوَالُ الدُّنْيَا أَهْوَنُ عَلَى اللهِ مِنْ قَتْلِ رَجُلٍ مُسْلِمٍ" ترجمہ کریں۔

8۔ "حرمۃ المومن افضل الحرمات" ترجمہ لکھیں۔

9۔ ایفائے عہد کے بارے میں ایک قرآنی آیت یا اس کا ترجمہ لکھیں۔

10۔ سخی کی فضیلت بارے ایک حدیث شریف لکھیں۔

11۔ حدیث کی رو سے "پہاڑ، لوہا، آگ اور پانی" میں طاقت کے لحاظ سے کیا ترتیب ہے؟

12۔ قاضی عیاض کے نزدیک محبت کے خوف سے افضل ہونے کی کیا وجہ ہے؟ تحریر کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. محبت اور مودت میں کیا فرق ہے؟ نیز محبت و مودت پر قرآن وحدیث اور اقوال اولیاء کی روشنی میں ایک تفصیلی نوٹ لکھیں۔

ii. بندہ ادب کے ذریعہ حق تک پہنچتا ہے اقوال اولیاء کی روشنی میں تفصیلاً لکھیں۔

iii. نماز میں خشوع وخضوع کی اہمیت پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. اسلام نرمی اور سہولت کا دین ہے وضاحت کریں؟

ii. قرآن مجید کی روشنی میں انسان کے جان ومال اور عزت وآبرو کی حرمت پر ایک جامع نوٹ لکھیں؟

iii. قیام امن کے لیے کوئی سے تین تجاویز مفصل تحریر فرمائیں؟

یا

قرآن مجید کی روشنی میں بیواؤں یتیموں اور مساکین پر خرچ کرنے کی فضیلت پر تفصیلاً نوٹ لکھیں۔